
پاکستان میں پہلی بار کمیونٹی کا اپنا نیوز لیٹر



پاکستانیوں کی تنظیم پاکستانیوں کے لیے

# ساشے نامہ

(جنوری تا جون 2002ء)

کمیونٹی کی آواز

دوسرا شمارہ جولائی 2002ء

S A C H E T

**Society for the Advancement of Community, Health, Education & Training**

***Promoting Human Development in Pakistan***

## • اداریہ

پاکستان میں مختلف طرح کے لوگ ہیں۔ علاقوں، زبان، عادات اور رسم و رواج کا مختلف ہونا ہمارے ملک کی رنگا رنگی کی علامت ہے۔ تاہم اس بات سے کسی کو انکار نہ ہوگا کہ تمام پاکستانیوں کا مقصد پاکستان کی ترقی ہے۔ پاکستان کی ترقی کا دارومدار پاکستانی مرد کے ساتھ ساتھ عورت پر بھی ہے۔ ترقی بلحاظ صحت اور ایمانداری کے باعث ممکن ہے۔ لہٰذا ہم پر لازم ہے کہ ہم بڑی توجہ کے ساتھ نہایت ایمانداری سے اپنی زندگی کی ترجیحات طے کر لیں۔ ایک اچھی اور صحتمند زندگی کے لئے ہماری پہلی ترجیح تعلیم ہونی چاہیے۔ تعلیم حاصل کرنے کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ کسی ڈگری کے بعد دفتر میں افسر لگ جائیں۔ علم کے فوائد اور برکات اس سے کہیں بلند تر ہیں۔

تعلیم کے ذریعے ہمیں شعور حاصل ہوتا ہے کہ صحتمند زندگی کے تقاضے کیا ہیں، قانون کا احترام کیا اہمیت رکھتا ہے، انسانی حقوق کیا ہیں، مذہب میں اور دنیاوی قوانین میں ایک انسان کا دوسرے انسان پر کیا حق ہے اور بہت کچھ ---------

آیئے! آج ہم سب یہ عہد کریں کہ ہم نہ صرف لڑکوں بلکہ لڑکیوں کی تعلیم کو بھی اپنی زندگی کی اولین ترجیح بنائیں گے۔

بانی ایڈیٹر: ڈاکٹر رخشندہ پروین

## ساشے پاکستان میں صنفی آگہی کے ساتھ انسانی وسائل کی ترقی کے لئے کوشاں۔

### تعارف

SACHET مخفف ہے Society for the Advancement of Community, Health, Education & Training کا جسے عرف عام میں **ساشے** کے نام سے لکھا اور جانا جاتا ہے۔ یہ تنظیم پاکستانیوں کی مدد سے پاکستان میں انسانی خدمت اور انسانی وسائل کی ترقی جیسے اہم مقاصد کی تکمیل کے لیے مئی 1999ء میں قائم کی گئی۔ اس کے بانی و سربراہ جناب ڈاکٹر عبد القدیر خان (NI & bar, HI) ہیں۔ اس کا دفتر Markaz F-8 اسلام آباد میں ہے۔ انسانیت کی خدمت، انسانی وسائل، صحت، تعلیم، تخفیف غربت، معاشی خود انحصاری جیسے مقاصد کے حصول کی خاطر ساشے بہت سے پراجیکٹس پر کام کر رہی ہے۔ جن میں


- پاکستان میں صنفی آگہی اور حساسیت کا فروغ
- صحت، تعلیم اور معیشت میں موجود صنفی فرق کا خاتمہ
- محروم طبقے کی معاشی حالت میں سدھار
- جنسی و تولیدی صحت کے حوالے سے حقوق، معلومات، تعلیم اور سہولیات کے متعلق شعور اور حساسیت کا فروغ شامل ہیں۔

ساشے کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ اس کے نظریات مرد اور عورت دونوں کی ضروریات، نفسیات اور احساسات کے مطابق ہوں کیونکہ کسی بھی معاشرے کی ترقی اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک صنف کے فرق کو اہمیت دیئے بغیر صحت، تعلیم اور معاشی شعبوں میں انفرادی طور پر اجتماعی شمولیت کے لیئے کام نہ کیا جائے۔

## ساشے کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروگرامز کا تعارف:

**ساشے** نے انسانیت کی خدمت اور انسانی وسائل کی ترقی کے ان دو مقاصد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اسلام آباد اور راولپنڈی میں دیہی سطح پر معاشرتی ترقی کے بہت سے پروگرام شروع کیے ہیں جو ساشے کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (SCDP) کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ ان پروگرامز کے تحت درج ذیل دیئے گئے پراجیکٹس کام کر رہے ہیں:

- ساشے فری ہیلتھ کلینک
- ساشے فری موبائل ہیلتھ کیمپ
- صنف، صحت، تعلیم اور معاشی خود انحصاری کے موضوعات پر انسانی وسائل معلوماتی محافل کا انعقاد
- ساشے کمپیوٹر ٹریننگ سنٹرز
- ساشے کرافٹس ٹریننگ سنٹرز
- ساشے کمیونٹی ہیلتھ ورکرز ٹریننگ



### ساشے کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروگرام، شاہدرہ (اکتوبر 1999ء تا جون 2002ء کارکردگی)

اٹھارہ ہزار سے زائد مریضوں کو مفت طبی علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی۔ ☆ اس کے علاوہ ایک لاکھ سے زائد مالیت کی ادویات کی مفت فراہمی۔ ☆ 14 فری موبائل ہیلتھ کیمپ۔ ☆ گرلز اور بوائز سکول شاہدرہ کے بچوں کو فری طبی سہولیات کے ساتھ ساتھ مفت یونیفارم کی فراہمی۔ ☆ 150 نوجوانوں کی کمپیوٹر ٹریننگ۔ ☆ 90 لڑکیوں کی کرافٹس ٹریننگ۔ ☆ 20 لڑکیوں کی کمیونٹی ہیلتھ ورکرز ٹریننگ۔ ☆ 50 کمیونٹی محافل کا انعقاد (معلوماتی اجلاس)۔ ☆ 20 نادار لڑکیوں کو تعلیم کی فراہمی۔ ☆ گرلز اور بوائز سکول شاہدرہ کے بچوں کے لیے معلوماتی لیکچرز کا اہتمام۔ ☆ 3 گرلز اور بوائز سکول رضاکارانہ تحویل میں لیے۔ ☆ گرلز اور بوائز سکول شاہدرہ میں سرکوں کی مرمت کا اہتمام۔

اعزازی مدیر: بریگیڈیئر محمد اول خان ملک (ر) بانی مدیر: ڈاکٹر رخشندہ پروین
نگران ایڈیٹر: سلیم اللہ بیگ معاونین: راشد محمود خان، ظہور آفتاب صادق

## ساشے کے متعلق پوچھے جانے والے سوالات اور ان کے جوابات

اس شمارے میں ہم ایک مستقل سلسلے کا آغاز کر رہے ہیں جس کی دوسری کڑی پیش کی جا رہی ہے۔ آپ بھی اپنے ذہنوں میں اٹھنے والے سوالات ہمیں ارسال کریں۔ (مدیر)

- **"محفل" کیا ہے؟**

بات چیت کے ذریعے بہت سے مسائل حل ہوتے ہیں اس خیال کے پیش نظر ڈاکٹر رخشندہ پروین (ایگزیکٹو/ پریذیڈنٹ ساشے) نے دیگر پراجیکٹس کی طرح **"محفل پراجیکٹ"** کا منصوبہ بنایا۔

**"محفل"** ہم نے دراصل ایک ایسی معاشرتی اور انسانی ترقی کی کاوش کا نام رکھا ہے۔ یہ ساشے کے علمی ماہرین، رضاکار اور مختلف شعبوں سے وابستہ افراد کی مدد سے لوگوں کو صنف، صحت، تعلیم، معاشی خود انحصاری اور دیگر کے کاموں میں شمولیت کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ساشے کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروگرامز میں باقاعدہ محافل منعقد کی جاتی ہیں۔ مستقل میں ہر پراجیکٹ کے تحت محافل کا انعقاد ہوگا۔

- **بیٹھاں دی محفل:**

بیٹھاں دی محفل خواتین شرکاء پر مشتمل ہوتی ہے اور یہ محفل صرف خواتین کو معلومات فراہم کرنے کے لیے منعقد کی جاتی ہے۔

- **بھراواں دی محفل:**

بھراواں دی محفل مرد شرکاء پر مشتمل ہوتی ہے اور یہ محفل صرف مرد حضرات کو معلومات فراہم کرنے کے لیے منعقد کی جاتی ہے۔

باقی صفحہ نمبر 2 پر

## ساشے کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروگرام، شاہدرہ

**شاہدرہ** اسلام آباد کا ایک دیہی علاقہ ہے جو بہارہ کہو سے بارہ کلومیٹر کے فاصلے پر اسلام آباد اور مری کی سرحدی پٹی پر پہاڑوں کے دامن میں گزشتہ پانچ صدیوں سے آباد ہے۔ یہ ایک سرسبز و شاداب علاقہ ہے۔ اس کے ارد گرد چھوٹے چھوٹے گاؤں آباد ہیں جن میں مختلف برادریاں رہتی ہیں۔ شاہدرہ اور ارد گرد کے دیہی علاقوں کی آبادی پچیس ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔ **ساشے** نے اس علاقے کی پسماندگی اور مقامی لوگوں کی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے 11 **اکتوبر 1999ء** کو یہاں ساشے کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کی بنیاد رکھی۔

**مارکیٹنگ** کے شعبے سے وابستہ ہیں تو ساشے کے گلیکسی گیلری اور آمدنی بڑھاؤ پراجیکٹ میں ہمارا ساتھ دے سکتے ہیں۔
**ہنر مند** ہیں تو ساشے کے فنی تعلیم کے پروگرام میں شامل ہو کر کاؤں کی سطح پر نوجوانوں کو اپنا ہنر سکھا سکتے ہیں۔
**ریسرچ ورک** کے شعبے سے تعلق رکھتے ہیں تو آگہی ریسورس مرکز کو اپنا کیا ہوا تحقیقی کام بھیج سکتے ہیں۔
**تجزیاتی ماہر** ہیں تو ساشے کے زیرِ اہتمام ہونے والے سروے Surveys میں ہمارا ساتھ دے سکتے ہیں۔

ساشے رضاکار ممبرشپ فارم SACHET Volunteer Network Form پُر کرنے کے بعد آپ ساشے میں باقاعدہ طور پر شامل ہو سکتے ہیں۔ یہ فارم آپ ساشے ہیڈ آفس، آگہی ریسورس مرکز یا انٹرنیٹ کی سہولت کو استعمال کرتے ہوئے ساشے کی ویب سائٹ www.sachet.org.pk سے حاصل کر سکتے ہیں۔

## ۳ کیا ساشے کسی اور ادارے کے ساتھ بھی منسلک ہے؟

ساشے تحقیق اور آگہی کے حوالے سے معاشرتی ترقی کی کاوشوں میں مصروف چند دیگر اداروں سے منسلک ہے مثال کے طور پر

- پاپولیشن ایسوسی ایشن آف پاکستان۔
- ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ کمیٹی، اسلام آباد برائے خوشحال پاکستان پروگرام
- NATPOW نیشنل ٹرسٹ فار پاپولیشن ویلفیئر۔

## ۴ ساشے کے فری کلینکس کہاں واقع ہیں؟

ساشے فری کلینکس راولپنڈی اسلام آباد کے درج ذیل علاقوں میں واقع ہیں

- **ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام، شاهدره، بهاره کهو، اسلام آباد۔**
- **ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام، بنی گاله، اسلام آباد۔**
- **ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام، کاگزی، سهاله، اسلام آباد۔**
- **ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام، پنیالی، کهوٹه روڈ راولپنڈی۔**
- **ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام، پتھر گڑھ، حسن ابدال، راولپنڈی۔**

## ۵ ساشے گیلری کیا ہے؟

ساشے گیلری ساشے کا گلیکسی گیلری، آمدنی بڑھاؤ پراجیکٹ ہے جس کے تحت ساشے ہنرمند افراد (خواتین و مرد) کے ساتھ رابطہ کرتی ہے جو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے معاشی حالات کو بدلنا چاہتے ہوں۔ ساشے گیلری ایک ایسا پراجیکٹ ہے جس کے ذریعے ہم مڈل مین Middleman کا خاتمہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہنرمند افراد کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ حاصل ہو۔ ساشے گیلری میں ہر طرح کی مصنوعات مثلاً ملبوسات، چادریں، ڈیکوریشن پیس، وینڈی کرافٹس، مصنوعی پھول، کشن کورز، دوپٹے، کڑھائی کے فن پارے وغیرہ رکھے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ گیلری کے ذریعے غربت کے حوالے سے مختلف پراجیکٹس پر کام کیا جاتا ہے۔ ساشے گیلری ہیڈ آفس سٹریٹ ۱۵ سیکٹر ایف سیون/ٹو اسلام آباد میں واقع ہے۔

(باقی سوالات آئندہ شمارے میں)

# ساشے کے اعزازات

PTV کے دسویں سالانہ تقسیم ایوارڈ کے موقع پر ساشے کی منظور ٹیلی سیریز Gender Watch کو پاکستان ٹیلی ویژن کا **ایوارڈ برائے حسن کارکردگی** دیا گیا۔

# ساشے اور 2001 ایک نظر میں

**جنوری** ✓ صنف کے تناظر میں شعور کی بیداری کے حوالے سے ویڈیو ڈرائی نمائش منعقد کی گئی۔ حیدہ رخی صنف پاکستانی معاشرے کا سب سے اہم مسئلہ ہے بلکہ اگر کہا جائے کہ پاکستان میں معاشرتی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ صنفی فرق ہے تو غلط نہ ہوگا۔ حیدہ رواق کا پہلا پروگرام ۱۸ اکتوبر ۱۹۹۹ کو نشر کیا گیا تھا جنوری ۲۰۰۱ء میں حیدہ رواق کی ۱۹ اقساط پر مشتمل ویڈیو ڈرائی کی باقاعدہ نمائش منعقد کی گئی۔ حیدہ رواق کے ذریعے پاکستان میں صنف کے تناظر میں پیدا ہونے والے مسائل کو زیرِ بحث لایا گیا۔

✓ شاہدرہ گاؤں جو کہ اسلام آباد سے تین کلومیٹر کے فاصلے پر شمال مشرق میں واقع ہے، فیڈرل ایریا میں واقع ہونے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ گیارہ کلومیٹر کے ایریا میں کوئی بنیادی فنی تعلیم کا ادارہ موجود نہ ہونے اور علاقے کے لوگوں کی پرزور اپیل پر دیہی علاقے سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو بہتر فنی تعلیم کی سہولیات بہم پہنچانے کے لئے ساشے کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر شاہدرہ قائم کیا گیا جس کا افتتاح ڈاکٹر عبداللہ برخان صاحب نے کیا۔ ساشے کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر میں تین ماہ کے مختصر دورانیے پر مشتمل کورسز کرائے جا رہے ہیں اور ایک سال کے عرصے کے دوران ۵۰ نوجوانوں نے ساشے کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر شاہدرہ سے استفادہ حاصل کیا۔

**فروری** ✓ خواتین کے قومی دن کے موقع پر ساشے نے صنف اور تشدد کے حوالے سے منتخب قومی اخبارات میں شائع شدہ خواتین پر تشدد کے واقعات پر ۱۸ماہ پر مشتمل ایک تجزیاتی رپورٹ پیش کی اس رپورٹ کا پس منظر صنف کے تناظر میں عورت پر ہونے والے تشدد پر مبنی حقائق کو سامنے لانا تھا۔

## مارچ

- ✓ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جدید سہولیات اور آسان رسائی کو پیش نظر رکھتے ہوئے ساشے نے اپنی ویب سائٹ www.sachet.org.pk کا آغاز کیا۔ جس پر ساشے اور ساشے کے پراجیکٹس کا تعارف، ساشے کے متعلق سوالات کے جوابات اور ساشے رضاکار ممبر شپ فارم کے متعلق مکمل معلومات فراہم کی گئی ہیں جنہیں Update بھی کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ صحت سے متعلق مختلف معلومات بھی ویب سائٹ پر مہیا کی گئی ہیں۔
- ✓ ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام بنی گالہ کا افتتاح کیا گیا۔ اس پروگرام میں بھی ساشے کے دیگر دیہی ترقی کے پروگراموں کی طرح مفت طبی علاج معالجہ، مشورہ اور معاشرتی و معاشی تربیت کی سہولیات کی فراہمی شامل ہے۔
- ✓ اسلام آباد کے ایک پسماندہ علاقے جھگی سیداں میں ساشے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں جھگی سیداں اور اس سے ملحقہ دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے ۲۰۰ افراد کو فری علاج معالجہ اور بنیادی صحت کی معلومات فراہم کی گئیں۔
- ✓ ورلڈ ٹی بی ڈے کے موقع پر معلوماتی محافل کا اہتمام کیا گیا جس میں دیہی علاقوں شاہدرہ، گوکڑی، بنیالی، مری بروری، اور ان کے قرب و جوار سے تعلق رکھنے والے افراد بشمول خواتین کو تپ دق کے بارے میں مکمل اور مفید معلومات فراہم کی گئیں تاکہ دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی پاکستان سے تپ دق کے خاتمے کے لیے شروع کی جانے والی مہم میں اپنا اہم کردار ادا کر سکیں۔
- ✓ ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام شاہدرہ کے زیر انتظام ایک معاشرتی سروے کیا گیا۔ ساشے کی طرف سے شاہدرہ گاؤں کا یہ دوسرا معاشرتی سروے تھا جس میں چار سو افراد سے بنیادی صحت، بنیادی تعلیم اور معاشرتی صحت کے حوالے سے انٹرویو کیے گئے جن کا تعلق ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام کے زیر اثر معاشرتی بہبود کے لیے شروع کیے جانے والے پراجیکٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینا بھی تھا۔ اس سروے کے ذریعے حاصل ہونے والے نتائج سے ساشے پراجیکٹس کی درج ذیل کارکردگی سامنے آئی۔

  ۱۔ بنیادی صحت کے بارے میں لوگوں کی معلومات میں 25% اضافہ سامنے آیا۔
  ۲۔ خاندانی منصوبہ بندی کی معلومات اور حقائق کے بارے میں شعور رکھنے والے افراد کی تعداد میں 6% اضافہ ہوا۔
  ۳۔ معاشرتی بہبود اور بنیادی صحت کی معلوماتی محافل میں لوگوں کی شمولیت اور خصوصاً خواتین کی شمولیت میں 50% اضافہ ہوا۔
  ۴۔ ساشے فری کلینک سے طبی علاج و معالجہ کی سہولیات سے مستفید ہونے والے افراد کی تعداد میں 40% اضافہ ہوا۔

## اپریل

- ✓ ساشے گیلری کے زیر انتظام ہنر مند افراد کو کاروبار شروع کرنے کے لیے آسان اقساط کے قرضے فراہم کرنے کے لئے SACHET Microinterprisor for life (SMiLe) پراجیکٹ شروع کیا گیا۔ اس پراجیکٹ کا مقصد ایسے افراد کو معاشی ترقی کے مواقع فراہم کرنا مقصود ہے جن کے پاس ہنر تو ہے لیکن ہنر کو روزگار بنانے کے لیے بنیادی سرمایہ میسر نہیں۔ ایسے افراد کے لیے ساشے نے تین ہزار روپے سے لیکر دس ہزار روپے کی مالیت کے بلاسود قرضوں کا اہتمام کیا تاکہ ہنرمند افراد اس سرمائے سے کاروبار شروع کر سکیں اور اپنی معاشی حالت کو بہتر بنا سکیں۔ یہ پراجیکٹ صرف راولپنڈی اور اسلام آباد تک محدود ہے۔
- ✓ ساشے کی طرف سے خصوصی بچوں کے لیے کمپیوٹر لیبارٹری قومی ترقیاتی ادارہ برائے خصوصی افراد G-8 مرکز میں قائم کی گئی جس کا افتتاح صدر ساشے ڈاکٹر عبداللہ ریحان نے کیا۔ ساشے کمپیوٹر لیب برائے خصوصی افراد میں اس وقت جدید کمپیوٹرز فراہم کیے گئے۔ یہ حکومت کے ساتھ پارٹنرشپ کی ایک اچھی مثال ہے۔
- ✓ ساشے کمیونٹی سکول ہیلتھ کیمپ منعقد کیا گیا جس میں دانشمند فاؤنڈیشن سکول کے ایک سو دس (۱۱۰) طلباء و طالبات کو فری علاج معالجہ اور ادویات فراہم کی گئیں اس کے علاوہ بنیادی صحت کے متعلق مفید معلومات بھی فراہم کی گئیں۔

## مئی

- ✓ ساشے کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر بنی گالہ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ ساشے کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر میں تین ماہ کے مختصر دورانیے پر مشتمل کورسز کرائے جا رہے ہیں اور چھ ماہ کے قلیل عرصے میں اس کمپیوٹر سینٹر سے ۲۸ نوجوان لڑکوں اور خواتین نے استفادہ حاصل کیا۔
- ✓ ساشے کرافٹس ٹریننگ سینٹر بنی گالہ کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا افتتاح ڈاکٹر رخشندہ پروین (ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ، ساشے) نے کیا۔ اس ٹریننگ سینٹر میں تین ماہ کے مختصر دورانیے پر مشتمل کورسز کرائے جا رہے ہیں اور چھ ماہ کے قلیل عرصے کے دوران ۶۲ خواتین ساشے کرافٹس ٹریننگ سینٹر بنی گالہ سے مستفید ہوئیں۔
- ✓ بری امام میں سالانہ عرس کے موقع پر ساشے نے زائرین کو فری طبی علاج معالجہ اور ادویات کی سہولیات بہم پہنچانے کے لیے تین روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جس کے دوران ۵۰۰ سے زائد زائرین کو فری طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔
- ✓ خصوصی بچوں کی طرف سے بنائی گئی اشیاء کے لیے ساشے گیلری (تخفیف غربت، آمدنی بڑھاؤ پراجیکٹ) کے زیر انتظام ایک سیلز کاؤنٹر قائم کیا گیا جس کا افتتاح وفاقی وزیر برائے ثقافت، کھیل اور نوجوانوں کے امور جناب ایس۔ کے۔ ٹریسلر نے کیا۔ اس سیلز کاؤنٹر میں خصوصی افراد اور بچوں کے ہنر کے نمونے فروخت کے لیے رکھے گئے ہیں۔
- ✓ عالمی یوم آبادی کے موقع پر ہفتہ آبادی منایا گیا جس کے دوران دیہی علاقوں میں خواتین اور مردوں کو آبادی اور آبادی سے متعلقہ مسائل و وسائل کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لیے معلوماتی محافل کا انعقاد کیا گیا۔

## جون

- ✓ ساشے کے زیر اہتمام اسلام آباد اور راولپنڈی کے دیہی علاقوں میں لوگوں کو غذا اور صحت کے متعلق معلومات فراہم کی گئیں۔
- ✓ ماں اور بچے کی صحت کے موضوع پر دیہی علاقوں میں خواتین کے لیے معلوماتی محافل کا اہتمام کیا گیا جس میں خواتین کو ماں اور بچے کی صحت پر مفید معلومات فراہم کی گئیں۔

## جولائی

- ✓ آگہی ریسورس سنٹر کے زیر اہتمام آبادی، ماحولیات اور ذرائع ابلاغ کے بارے میں ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔
- ✓ راولپنڈی اور اسلام آباد کے دیہی علاقوں میں نوجوان نسل کو آبادی اور ماحولیات سے متعلق مسائل اور وسائل کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔

## اگست

- ✓ ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام کا گوکڑی واقع جاپانی روڈ، سہالہ کا افتتاح کیا گیا۔ اس پروگرام میں بھی ساشے کے دیگر دیہی ترقی کے پروگراموں کی طرح مفت طبی علاج معالجہ، ادویات، بنیادی صحت کی معلومات، مشورہ اور معاشرتی و معاشی تربیت کی سہولیات کی فراہمی شامل ہے۔
- ✓ راولپنڈی / اسلام آباد میں سیلابی بارشوں کے متاثرین کو فری طبی علاج معالجہ اور ادویات کی فراہمی کے لیے کچی آبادی G-11 سیکٹر میں ایک فری میڈیکل کیمپ برائے سیلاب زدگان کا انعقاد کیا گیا جس میں ۲۰۵ افراد کو مفت علاج معالجہ اور ادویات کے علاوہ وبائی بیماریوں سے بچاؤ کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔

## ستمبر

- ✓ انٹرنیشنل سکول ملک ڈے کے موقع پر NUTRITION Initiative شروع کیا گیا۔ اس Initiative کے ذریعے شاہدرہ سکول فار بوائز اور شاہدرہ سکول فار گرلز کے علاوہ والنٹیر فاؤنڈیشن سکول رحمت آباد کے طلباء و طالبات کو ماہانہ بنیادوں پر مفت علاج معالجہ اور غذائی پیکج کی سہولیات کی فراہمی شروع کی گئی۔ اس Initiative کا مقصد ان سکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کی صحت اور غذائی کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والے طبی مسائل کو ختم کرنا اور بچوں میں بنیادی صحت کے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے۔
- ✓ راولپنڈی / اسلام آباد میں سیلابی بارشوں کے متاثرین کو فری طبی علاج معالجہ اور ادویات کی فراہمی کے لیے کچی آبادی G-11 سیکٹر میں ایک اور فری میڈیکل کیمپ برائے سیلاب زدگان کا انعقاد کیا گیا جس میں ۲۲۵ افراد کو مفت علاج معالجہ اور ادویات کے علاوہ وبائی بیماریوں سے بچاؤ کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔
- ✓ راولپنڈی / اسلام آباد میں سیلابی بارشوں کے متاثرین کی بحالی اور بنیادی ضروری اشیاء کی فراہمی کے لیے مہم شروع کی گئی جس کے ذریعے مختلف علاقوں سے اکٹھا کیا جانے والا امدادی سامان (برتن، کپڑے، بستر، جوتے اور غذائی اجناس) ۳۰۰ سے زائد خاندانوں میں تقسیم کیا گیا۔

## اکتوبر

- ✓ ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام شاہدرہ میں معاشرتی بہبود کے کاموں میں مقامی لوگوں کی شمولیت کو مزید عام کرنے کے لیے بھرپور دیہی کمیٹی قائم کی گئی تاکہ مقامی شمولیت زیادہ سے زیادہ بہتر طریقے سے سامنے آئے اور معاشرتی بہبود کے پراجیکٹس کی کارکردگی کو مزید فعال بنایا جا سکے۔
- ✓ ساشے کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام شاہدرہ میں HIV/AIDS, Hapatitis B & C کی سکریننگ شروع کی گئی تاکہ لوگ ان موذی امراض سے بچاؤ کی سہولیات سے فائدہ اٹھا سکیں جو کہ دیہی علاقوں میں رہنے اور کم معاشی وسائل رکھنے والے افراد کی ایک اہم ضرورت ہے۔ اس سہولت کی فراہمی کے بعد شاہدرہ گاؤں میں Hapatitis B & C کے مرض میں مبتلا تین افراد کی تشخیص ہوئی۔
- ✓ دیہی سطح پر معلوماتی محافل کا انعقاد کیا گیا جس میں لوگوں کو Hapatitis B & C اور ایڈز کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔
- ✓ NUTRITION Initiative کے پروگرام کے تحت فیڈرل سیکنڈری سکول فار گرلز، شاہدرہ میں فری طبی علاج معالجہ، ادویات اور غذائی پیکج کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بنیادی صحت کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئیں۔
- ✓ NUTRITION Initiative کے پروگرام کے تحت والنٹیر فاؤنڈیشن سکول رحمت آباد میں فری طبی علاج معالجہ، ادویات اور غذائی پیکج کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بنیادی صحت کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئیں۔
- ✓ اسلام آباد سے 33 کلومیٹر دور ڈسٹرکٹ ہری پور کے ایک پسماندہ گاؤں نیلام بھوتو (سنڈ اپچر) میں ساشے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں اس علاقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو فری طبی علاج معالجہ اور ادویات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بنیادی صحت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔ واضح رہے کہ ڈسٹرکٹ ہری پور کا یہ گاؤں تمام قسم کی بنیادی اور معاشرتی سہولیات سے محروم ہے اور لوگوں کو اپنی بنیادی ضروریات اور علاج معالجہ کیلئے ایک سے دو گھنٹے کے دشوار گزار پہاڑی راستوں پر سفر کر کے اسلام آباد آنا پڑتا ہے جو کہ ان کیلئے کافی تکلیف دہ بات ہے۔
- ✓ اسلام آباد اور راولپنڈی کے مخصوص دیہی علاقوں میں معلوماتی محافل کا انعقاد کیا گیا جس میں لوگوں کو ماں اور بچے کی صحت اور تولیدی صحت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔

## نومبر

- ✓ ورلڈ ہیلتھ ڈے 2001 کے موقع پر والنٹیر فاؤنڈیشن سکول رحمت آباد میں ایک فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں بچوں کو مفت طبی سہولیات اور ادویات کے علاوہ بنیادی صحت کے متعلق معلومات بھی فراہم کی گئیں۔
- ✓ ہم اور ہماری صحت کے موضوع پر اسلام آباد اور راولپنڈی کے مخصوص دیہی علاقوں میں معلوماتی محافل کا انعقاد کیا گیا جس میں دیہی علاقے سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں (خواتین، مرد) کو بنیادی صحت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔

## دسمبر

- ✓ بین الاقوامی ایڈز ڈے کے موقع پر AIDS Week منایا گیا جس کے دوران دیہی علاقوں کی نوجوان نسل کو جنسی صحت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔
- ✓ ساشے کیلنڈر 2002 لانچ کیا گیا جس میں ایڈز کے متعلق ایڈز پوسٹر کمپیٹیشن میں شامل پوسٹرز میں سے چھ پوسٹرز کیلنڈر کے لیے منتخب کیے گئے۔ یہ پوسٹرز پاکستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلباء نے بنائے تھے۔

## ساشے اور 2001

- ✓ تقریباً ۵ ہزار مریضوں کو مفت علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔
- ✓ تقریباً بارہ لاکھ روپے کی ادویات مفت فراہم کی گئیں۔
- ✓ بارہ فری میڈیکل کیمپس منعقد کیے گئے۔
- ✓ دس حضرات افراد کو معاشی و معاشرتی ترقی میں شمولیت کے لئے چھوٹے قرضہ جات فراہم کیے گئے۔
- ✓ 400 افراد کو ساشے فیکٹری کے پلیٹ فارم سے روزگار مہیا کیا گیا۔
- ✓ ساشے کے آگہی ریسورس سنٹر نے دو سہ ماہی نیوز لیٹر شائع کیے۔
- ✓ ساشے کے زیر اہتمام دو سیمینار منعقد کیے گئے جن کا مقصد مختلف سماجی مسائل پر شعور اجاگر کرنا تھا۔
- ✓ ساشے کمپیوٹر سنٹر شاہدرہ اور ساشے کمپیوٹر لیبارٹری کا قیام ہوا جن سے طالب علموں نے فائدہ حاصل کیا۔
- ✓ ساشے کرافٹس ٹریننگ سنٹر شاہدرہ اور ساشے کرافٹس ٹریننگ سنٹر کا قیام ہوا جہاں سے بچیوں اور طالبات نے فائدہ حاصل کیا۔
- ✓ ساشے کی طرف سے دو طالب علموں کو سکالرشپ دیا گیا۔

آگہی ریسورس سنٹر - ساشے
البیرونی سٹریٹ، پارک روڈ، F-8 مرکز، اسلام آباد - پاکستان
Tel: 92-51-2851605,2851608,2254933, Fax: 2255053
E-mail: agehi@isb.pol.com.pk, sachet@isb.comsats.net.pk,
www.sachet.org.pk